تعلیماتِ نبویؐ اور آج کے زندہ مسائل، سید عزیز الرحمٰن۔ ناشر: القلم، فرحان ٹیرس، ناظم آباد نمبر۲، کراچی۔ صفحات: ۴۰۰۔ قیمت: ۲۴۰ روپے۔

زیرتبصرہ کتاب السیرہ عالمی کے نائب مدیر سید عزیز الرحمٰن کے اُن سیرت ایوارڈ یافتہ سات مقالات کا مجموعہ ہے جو انھوں نے وفاقی وزارتِ مذہبی امور حکومت پاکستان کی جانب سے منعقدہ قومی سیرت کانفرنسوں میں بالترتیب ۱۹۹۶ء، ۱۹۹۷ء، ۱۹۹۹ء، ۲۰۰۰ء، ۲۰۰۲ء، ۲۰۰۳ء اور ۲۰۰۴ء میں پیش کیے۔ ان کے عنوانات یہ ہیں: ۱-تعمیر شخصیت و فلاح انسانیت، اطاعتِ رسولؐ اور سیرت طیبہ کی روشنی میں، ۲-استحکام پاکستان کے لیے بہترین رہنمائی سیرتِ طیبہ سے حاصل ہوسکتی ہے، ۳- عدمِ برداشت کا قومی اور بین الاقوامی رجحان اور تعلیماتِ نبویؐ، ۴- بے لاگ احتساب، ۵- پاکستان کے لیے مثالی نظامِ تعلیم کی تشکیل اور اُمت مسلمہ کی ذمہ داریاں، ۶- نئے عالمی نظام کی تشکیل اور اُمت مسلمہ کی ذمہ داریاں، ۷-عصرِ حاضر میں مذہبی انتہا پسندی کا رجحان اور اس کا خاتمہ۔

'عدم برداشت کا رجحان' میں مصنف نے مختلف مذاہب اور اقوام کی تعلیمات کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے مخالفین کے سلوک کے متعلق ان مذاہب کی مقدس کتب اور تحریروں سے اقتباسات پیش کیے ہیں، مثلاً ہندومت کی تعلیمات کا خلاصہ سوامی دیانند کے الفاظ میں یہ ہے: دھرم کے مخالفوں کو زندہ آگ میں جلا دو، دشمنوں کے کھیتوں کو اُجاڑ دو، گائے، بیل اور لوگوں کو بھوکا مار کر ہلاک کر دو جس طرح بلی چوہے کو تڑپا تڑپا کر مارتی ہے، اسی طرح دشمنوں کو تڑپا تڑپا کر ہلاک کرو۔ (ص ۱۸)

ہر موضوع کے تمام ممکنہ پہلوؤں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ ہر مقالہ اپنی جگہ ایک مختصر کتاب کی مانند ہے۔ (محمد الیاس انصاری)

نیاز فتح پوری کے مذہبی افکار، پروفیسر ہارون الرشید۔ ناشر: میڈیا گرافکس، اے ۷-۹۹، سیکٹر ۱۱، اے، نارتھ کراچی۔ صفحات: ۸۷۔ قیمت: ۸۰ روپے۔

اس مختصر، مگر جامع کتاب میں نیاز فتح پوری کی ایک تصنیف من و یزداں کامل کی روشنی